صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 12 مارچ 2009ء بمطابق 14 ربیع اول 1430 ہجری صبح دس بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب قائم مقام سپیکر، خوشدل خان ایڈوکیٹ مسند صدرارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَأَوۡفُوا۟ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ إِذَا عَـٰهَدتُّمۡ وَلَا تَنقُضُوا۟ ٱلۡأَيۡمَـٰنَ بَعۡدَ تَوۡكِيدِهَا وَقَدۡ جَعَلۡتُمُ ٱللَّهَ عَلَيۡكُمۡ كَفِيلاً ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُونَO وَلَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّتِى نَقَضَتۡ غَزۡلَهَا مِنۢ بَعۡدِ قُوَّةٍ أَنكَـٰثًا تَتَّخِذُونَ أَيۡمَـٰنَكُمۡ دَخَلاَۢ بَيۡنَكُمۡ أَن تَكُونَ أُمَّةٌ هِىَ أَرۡبَىٰ مِنۡ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبۡلُوكُمُ ٱللَّهُ بِهِۦ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَـٰمَةِ مَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ۔

(ترجمہ): اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جبکہ تم اس کو (تخصیصاً یا تعمیماً) اپنے ذمہ کر لو اور قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے مت توڑو اور تم اللہ تعالیٰ کو گواہ بھی بنا چکے ہو بے شک اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اور تم (مکہ کی) اس (دیوانی) عورت کے مشابہ نہ بنو جس نے اپنا سوت کاتے پیچھے بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالا. کہ (اس کی طرح تم بھی) اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو محض اس وجہ سے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے بڑھ جائے بس اس سے اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے قیامت کے دن ان سب کو تمہارے سامنے (عملاً) ظاہر دے گا۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Acting Speaker: Now coming to the 'Question`s Hour': Yasmin Zia, Question No. 303, Yasmin Zia, please.

* 303 _ محترمہ یاسمین ضیاء: کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ کے ہر ضلع میں محکمہ خزانہ کی شاخیں قائم ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں میں اضلاع سے وصول شدہ سرکاری واجبات کی سالانہ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ صوبہ کے ہر ضلع میں محکمہ خزانہ کی شاخیں قائم ہیں۔

(ب) سرکاری محاصل (Receipts) کا ہدف محکمہ خزانہ متعلقہ محکمہ جات کیساتھ باقاعدہ اجلاس اور مشاورت کر کے مقرر کرتا ہے، جہاں تک واجبات کی وصولی کا تعلق ہے تو حکومت کی موجودہ پالیسی کے مطابق تمام آمدنی صوبائی اکاؤنٹ نمبر ایک میں جمع کی جاتی ہے، لہذا ضلع وائز تفصیل فراہم نہیں ہے۔

محترمہ یاسمین ضیاء: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔اس میں جی انہوں نے کہاہے کہ۔۔۔۔۔

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question, please?

محترمہ یاسمین ضیاء: جی جی۔انہوں نے یہاں پہ کہا ہے کہ واجبات کی جو وصولی ہے، اس کی تمام آمدنی صوبائی اکاؤنٹ نمبر ایک میں جمع کی جاتی ہے، یہاں پہ ان کے پاس ضلع وائز تفصیل بھی نہیں ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے پاس یعنی محکمہ خزانہ کا جو سرکاری ہدف ہے، انہوں نے تفصیل فراہم نہیں کی، جہاں پہ سرکاری واجبات کی سالانہ تفصیل میں نے مانگی ہے تو یہ انہوں نے مجھے Provide نہیں کی ہے، اگر ان کے پاس تفصیل ہے تو کیوں Provide نہیں کی گئی ہے، اس کے بارے میں بتادیا جائے؟ تھینک یو۔

Mr. Acting Speaker: Minister concerned.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): On behalf of Minister for Finance، سر اس کا یہ ہے کہ بہت سے Receipts ایسے ہوتے ہیں جو کہ ڈائریکٹ اکاؤنٹ نمبر ایک میں جاتے ہے اور اس کی Exact detail جو ہوتی ہے، وہ اکاؤنٹنٹ جنرل کے آفس کے پاس ہوتی ہے، اس میں جہاں پر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن والوں نے اگر کسی کو جرمانہ کر دیا یا پولیس نے کر دیا تو وہ سارا اکاؤنٹ نمبر ون میں جمع ہوتا ہے تو جو

Exact details ہیں، وہ اے جی آفس سے ملیں گی اور ویسے یہ ڈائریکٹ جمع ہوتے ہیں اکاؤنٹ نمبرون میں۔

جناب قائم مقام سپیکر: محترمه یاسمین ضیاء! دا بل سوال هم ستا دے کنه، کوئسچن نمبر 295۔

* 295 _ محترمہ یاسمین ضیاء: کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ہر سال صوبائی محکموں میں نئی آسامیاں پیدا کی گئی تھیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر محکمہ میں نئی پیدا کردہ آسامیوں کی سالانہ تفصیل، سکیل وائز فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مختلف صوبائی محکموں میں پیدا کردہ نئی آسامیوں کی سکیل وائز تفصیل فراہم کی گئی۔

محترمہ یاسمین ضیاء: ٹھیک ده سر، د دے والا جواب نه زه مطمئنه یم جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: آپ کا Next Question-----

محترمہ یاسمین ضیاء: جی جی، اس سے میں مطمئن ہوں جی۔

Mr. Acting Speaker: Okay.She does not want to press her Question No. 295. Next Question No. 344 of Mr. Adnan Khan Wazir Sahib, not present. Malik Qasim Khan, honorable MPA, please. Question No. 358.

* 358 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2008 کے دوران گریڈ 1 سے گریڈ 10 تک کے ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نئے بھرتی شدہ نائب قاصدین، ویٹرز وغیرہ کیلئے بلز گزشتہ تین ماہ سے پاس نہیں کئے گئے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) تاحال کتنے اہلکاروں کیلئے بلز پاس کئے جا چکے ہیں اور کتنے مختلف اعتراضات کی وجہ سے پاس نہیں کئے گئے؛

(ii) جو Pay bills تاحال پاس نہیں کئے گئے، ان کو کب تک پاس کر لیا جائے گا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ سال 2008 کے دوران ضلع کرک میں گریڈ 1 سے گریڈ 10 تک کے ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ مختلف محکموں کے تقریباً 47 بھرتی شدہ ملازمین کی تنخواہوں کے بلز ابھی تک پاس نہیں ہوئے کیونکہ متعلقہ محکموں نے ان کے Pay bills دفتر خزانہ میں تاحال جمع نہیں کرائے ہیں۔

(ج) (i) تاحال 62 اہلکاروں کے بلز پاس / کمپیوٹرائزڈ ہو چکے ہیں اور 47 ملازمین کے بلز ابھی تک پاس نہیں ہوئے ہیں، جس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) جونہی متعلقہ محکمے مذکورہ بالا 47 ملازمین کے Pay bills دفتر خزانہ میں جمع کروائیں گے تو قانون کے مطابق ان کو پاس / کمپیوٹرائزڈ کر دیا جائیگا بشرطیکہ ان بلوں میں کوئی کمی یا خامی نہ ہو۔

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question, please?

ملک قاسم خان خٹک: سپلیمنٹری کوسچین اس میں یہ ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے گریڈ 1 سے 10 تک کے ملازمین کی تقرریاں کی ہیں تو میرا سپلیمنٹری ہے کہ ان تقرریوں کیلئے جو Codal formalities ہیں، انہوں نے 'کمپلیٹ' کی ہیں یا نہیں یعنی اخبار میں اشتہار دیا گیا ہے؟ جہاں تک میں دیکھ رہا ہوں، یہاں ڈی سی او صاحب کی یہ لسٹ ہے تو اس میں مجھے پتہ ہے کہ کافی ایسی Vacancies ہیں جن پر اپوائنٹمنٹس ہو چکی ہیں بغیر اشتہار کے، بغیر Codal formalities کے اور اسی طرح انہوں نے ہیلتھ میں جو کی ہیں تو ہیلتھ میں ایسے ہوئی ہیں جن کے بارے میں باقاعدہ انکوائری ہو چکی ہے اور انکوائری رپورٹ بالکل واضح ہے کہ انہوں نے ان بھرتیوں میں بہت گھپلے کئے ہیں اور اس کے بارے میں باقاعدہ رپورٹ وزیر اعلیٰ سرحد کے پاس بھیجی گئی ہے اور اس پر باقاعدہ میرا کال اٹینشن نوٹس بھی ہے اور جناب والا، اس کے بارے میں کافی شکایتیں ہیں تو مجھے اس بات کی وضاحت چاہیئے سر۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جیسا کہ جواب میں دیا گیا ہے کہ 62 اہلکاران کو بھرتی کیا ہے جن میں 47 کی ابھی تک Pay نہیں بن سکی، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کا Source one proforma ہوتا ہے، کمپیوٹر ڈیٹا جو کہ ان تمام چیزوں کو، Codal formalities جب اس کی 'کمپلیٹ' ہوتی ہیں، اس کے بعد اس کو Fill کیا جاتا ہے تو اس کے بعد پھر Pay شروع ہوتی ہے، چونکہ ان 47 کیسز میں ابھی تک تمام Codal formalities پوری نہیں ہوئیں، لہذا ان کو Pay نہیں دی گئی ہے، تو میرے خیال میں آپ کا جواب اس میں مل گیا۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب! زما عرض دے چه دے ته د یوه سپیشل کمیټی جوړه شی، د دے Vacancies د پاره، ایگریکلچر کښے هم اپوائنټمنټس شوی دی، بالکل د هغے ایډورټائزمنټ نه دے شوے، براه راست دوئ بهرتی شوی دی، لکه څه رنګه چه هغه بله ورځ هدایت الله خان صاحب واضحه کړه، بالکل دا دغه شان شوی دی۔ که چرے تاسو د دے یوه سپیشل کمیټی Constitute کړئ چه تاسو ته پته اولګی چه حقیقت څه دے؟ زه صرف دومره پورے خبره کوم چه وائی څه او کیږی څه؟ سر، د سوال هم مطلب دا وو چه حق حقدار ته اورسی جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون: جی د دغے سره زمونږ اتفاق نشته، دا خو څنګه چه مونږ ګزارش اوکړو چه Codal formalities نه وی پوره نو تنخوا ګانے به نه ملاویږی او دا خبره به بس داسے پاتے وی۔ اوس چه هرڅه کښے لکه د کلاس فور په اپوائنټمنټس کښے چه سپیشل کمیټی جوړول شروع شی نو اخر ګورنمنټ به فنکشن څنګه کوی؟ دا خو لکه هر څه کښے Interference، دا نه شی برداشت کیدے۔ مهربانی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ارشد عبدالله صاحب! دا Codal formalities به څوک Fulfill کوی او څوک به ئے دغه کوی؟

وزیر قانون: ما جی صرف دا ګزارش اوکړو، Codal formalities هم د هغه ډیپارټمنټ سره، د ډسټرکټ په لیول باندے، چونکه د ډسټرکټ خبره ده، د دوئ د فنانس یو Representative وی، ای ډی او فنانس اینډ ډیویلپمنټ، This is He is not only responsible to the Finance Secretary چه هغه his job

بلکه هغه اے جی آفس ته هم Responsible دے نو هغه به هر څه بالکل ترتيب وار طريقے سره ګوری چه کوم کوم څيزونه کم وی او که هغه Codal formalities نه وی پوره نو تنخواه به نه ملاويږی، خبره به پاتے شی دغه شان-----

جناب اکرم خان درانی(قائد حزب اختلاف): جناب سپيکر!

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: هلته په ضلع کښے چه کومه متعلقه کميټی ده، ممبر صاحب چه راغلے دے، د هغے خلاف په Complaint باندے راغلے دے او دا واحد داسے ځائے دے چه په ديکښے د چهان بين، د ممبرانو چه کومه سليکټ کميټی وی، سپيشل کميټی وی، په هغے کښے د هغه غلطيانو نشاندهی اوشی او بيا هغوی ته ډائريکشنز ملاويږی، که چرته د دوئ په هغه کميټئ باندے، يو خو دا ده که چرته هغه غلط شوی وی نو دا خو ټهيک ده چه تنخواه به نه ملاويږی خو هغه چا چه غلطی کړے ده، هغه ته د سزا يا ورته وينا به څوک کوی؟ نو زمونږ دا ګزارش دے که چرته د دے اسمبلئ، چونکه دا اسمبلی يو داسے فورم دے چه چرته هم غلطی اوشی، د هغے خلاف يو ايکشن د دے ځائے نه وی نو مونږ به ګزارش کوؤ، که چرته دا سپيشل کميټئ ته لاړ شی نو هلته به معلومه شی، که چرته چا غلطی کړی وی نو د هغوی خلاف به څه ايکشن اوشی او که چرته په هغه ځائے باندے دوئ دا وائی چه يره دا د ضلع متعلقه چه کوم افسران دی، هغوی کړی دی نو د هغوی د نيولو خو بيا د ممبر صاحب سره ستاسو د چيئر نه او د دے هاؤس نه بله لاره نشته دے نو هغه به راځی دلته او تاسو ته به فرياد کوی، دے هاؤس ته به کوی او دا هاؤس د دے ذمه دار دے چه چرته غلطی شوی وی، د هغے تپوس هم اوکړی او د هغے خلاف ايکشن هم واخلی۔

وزیر قانون: زمونږ جی هم دغه سټينډ دے چه کميټی مونږ په دے نه غواړو او باقی که ووټنګ څوک غواړی نو ووټنګ د اوکړی جی، خو مونږ کميټی په ديکښے قطعاً نه غواړو۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ۔ جناب سپیکر، ارشد عبداللہ صاحب کے جواب سے اس ہاؤس یا ممبر کو اطمینان نہیں ہوتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ کسی اور وزیر کے Behalf پہ بات کر رہا ہے اور وہ متعلقہ وزیر نہیں ہے تو اس طرح تو سٹڈی نہیں ہو سکتی، جس طرح اپنے وزارت کے بارے میں ہوتی ہے۔ اگر وہ مناسب سمجھتے ہیں اور ضد نہیں کرتے تو میرے خیال میں اس کو پینڈنگ رکھ دیا جائے، جب وزیر خزانہ آ جائیں تو ان سے سوال کر دیا جائے، ہو سکتا ہے کہ کوئی راستہ نکل جائے۔

جناب قائم مقام سپیکر: یہ تو پھر سارے پینڈنگ ہو جائیں گے، یہ تو سارے کوئسچنز آج۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: اگر آپ وزراء کو پابند کر لیتے ہیں تو یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ تمام وزراء کے جواب ارشد عبداللہ صاحب۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: میں نے وزیر اعلیٰ صاحب کو بھی خط لکھا ہے اور ان کو یہ بتا دیا ہے کہ یہ چیز ہے، میں نے اس کے بارے میں لیٹر بھیجا ہے۔

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب! گزارش یہ ہے کہ اگر تمام وزراء کے جوابات جناب ارشد عبداللہ صاحب دیں گے تو پھر ان کا Portfolio تبدیل کر دیں، ان کو وزیر برائے جواب دہی کہہ دیا جائے تو ٹھیک ہے، پھر ہم ان کی بات مانیں گے۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب!

جناب قائم مقام سپیکر: ملک قاسم صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: یوه اسانه خبره درته کوم چه دا سے اوشی چه د متعلقه ډی سی او نه د دا پته اوشی چه آیا دا Codal، دا سوال د تر هغے پینډنگ شی چه آیا په دے ایګریکلچرل ډیپارټمنټ او هیلتھ کښے چه خومره دغه شوی دی، په دیکښے څه Deficiencies شته دی؟ دا سوال د تر هغے پورے پینډنگ شی، د هغوی نه جواب طلبی اوکړئ جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون: داسے به اوکړو جی چه متعلقه کوم ډیپارټمنټس وی، دا خو مختلف ډیپارټمنټس دی، ټھیک ده د دوئ دغه به رااوغواړو چه یره څه څه Deficiencies دی یا ولے Pay نه ده سټارټ شوے؟ دا تپوس به ترے اوکړو۔ ټھیک ده جی، ډیپارټمنټ له به زه ډائریکشنز ورکړم، Departmentally به دا

مونږ دغه کړو، دا سے صحیح ده او د هغے جواب چه راشی نو هغه به زه ستاسو سره شیئر کړمه۔۔۔۔۔

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> جناب سپیکرا زه د۔۔۔۔۔

<u>وزیر قانون:</u> نه تاسو سوال مه Press کوئ کنه جی، You should not press the Question تاسو دا مه Press کوئ۔۔۔۔۔

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> هغه آفیسر چه څه کړی دی، صحیح خو ده چه۔۔۔۔۔

<u>وزیر قانون:</u> نه دا به Dispose of کړئ۔ سر، زما Suggestion خو دا دے، د دے چه څه جواب راشی، هغه به زه د دوئ سره شیئر کړم۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> ارشد عبدالله صاحب! دا کوئسچن مونږ پینډنګ اوساتو؟

<u>وزیر قانون:</u> نه جی، ما وئیل چه دا He should not press any further په دیکښے به مونږ ډائریکشنز ورکړو چه د دے کوم ډیټیل راشی نو هغه به زه د دوئ سره شیئر کړم جی۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> According to the honourable Minister that he will give directions to the concerned department for implementation. What do you say about this Mr. Malik?

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> سر، په دیکښے کوم حرج دے؟ د غریبانانو سره ظلم شوے دے، زیاتے شوے دے، که کوئسچن پینډنګ شی په وزیر صاحب باندے څه اثر پریوځی نو کوئسچن د پینډنګ شی جی، دا زمونږه چیئر ته ریکویسټ دے چه اخر دغه شان رولنګ ورکړئ چه دا کوئسچن به پینډنګ کړو جی۔ ته خو د انصاف په کرسئ ناست ئے چه ته انصاف مونږ ته ورنکړے نو څوک به ورکوی جی؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، یہ بہت زیادہ سنجیدہ معاملہ ہے، یہاں ایک انتظامیہ ہے اور یہاں ایک مقننہ ہے، ہم مقننہ کے لوگ ہیں جی اور جب انتظامیہ اپنے آپ سے باہر آتی ہے تو ہمارے پاس اس فورم کے علاوہ کوئی اور فورم نہیں ہوتا، تو ہم یہاں ایک سوال Raise کر لیتے ہیں، اس سوال کا ان پر خوف ہوتا ہے کہ اس کا وہ جواب دے دیں۔ اگر ہمارے محترم وزراء ان کو اس طرح Defend کریں گے تو

پھر ہم ان کو تو نہیں پکڑ سکیں گے، پھر تو اس ادارے کا فائدہ نہیں ہوگا۔ اگر ایسی بات آ جاتی ہے کہ ایک ہی وزیر تمام وزراء کے جوابات دیں تو میری رائے یہ ہے کہ محترم ارشد عبداللہ صاحب اگر اس کو پینڈنگ رکھ دیں تو سب کی تشفی ہو جائی گی اور یہ اچھی گورننس کیلئے ضروری ہے کہ سوالات کا ہر لحاظ سے دفاع نہ کیا جائے۔ اگر کوئی سوال ایسا آتا ہے کہ جس میں ہم کسی کی غلطی پکڑ سکتے ہیں، لغزش پکڑ سکتے ہیں تو اس کو پکڑنے میں یہ نہ دیکھا جائے کہ سوال چونکہ اپوزیشن سے آیا ہے، لہذا 'No' کرنا لازمی ہے بلکہ یہ دیکھا جائے کہ ٹھیک ہے، بیوروکریسی کی ایک آدمی سے غلطی ہوئی ہے، اس کو پکڑنا ہے تو اس کو پکڑنے میں وزراء ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

جناب قائم مقام سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب! بات یہ ہے کہ جب انہوں نے Reply furnish کیا ہے، جواب ہے تو پھر ہم ایسے حالات میں اس کو پینڈنگ نہیں رکھ سکتے۔ اب ہمارے پاس دو طریقے ہیں کہ یا تو آپ ان کے جواب سے مطمئن ہو جائیں، جس طرح منسٹر صاحب نے فرمایا کہ ڈائریکشنز ان کو دے دیں گے اور یا ہم ہاؤس کو Put کر دیں، Just to see the consent of the House کہ آیا ہم اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کر دیں یا سپیشل کمیٹی کو ریفر کر دیں لیکن سپیشل کمیٹی کو ہم اس وقت ریفر کر سکتے ہیں جب دو تین ڈیپارٹمنٹس کے درمیان کوئی معاملہ ہو تو اس وقت پھر ہم سپیشل کمیٹی بنا سکتے ہیں تو اسلئے پھر جس طرح آپ مناسب سمجھتے ہیں تو پھر میں ہاؤس سے پوچھوں گا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: مسٹر عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: دو ڈیپارٹمنٹس کے آپ ذرا دیکھ لیں تو Forty four جو ہیں، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کرک کے ملازمین کی تنخواہیں یعنی Out of forty five صرف ایک کی تنخواہ ریلیز ہوئی ہے، 45 کی تنخواہیں ریلیز نہیں ہوئی ہیں۔ اسی طرح جو دوسرا ہے جناب سپیکر، گورنمنٹ کالج آف مینجمنٹ سائنسز تخت نصرتی کرک، جناب سپیکر، اگر ہاسپٹل اپنے ملازمین کی تنخواہوں کے بلز نہیں بھیج سکتا، اگر ایک ہسپتال اپنے ملازمین کی تنخواہوں کے بلز نہیں بنا سکتا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ چونکہ دو ڈیپارٹمنٹس کیساتھ ہیں تو آپ چیئر سے ڈائریکٹ کر لیں، جو ہیلتھ اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹس ہیں، ان کو ڈائریکٹ کر دیں، ٹائم دے دیں کہ ان کے بلز بھیج دیں۔ اس طرح اگر ملازمین سالوں سے تنخواہوں کے بغیر کام کرتے رہے تو یہ تو بہت زیادتی ہو گی جناب سپیکر۔

ملک قاسم خان خٹک: سر!

جناب قائم مقام سپیکر: ملک قاسم خان۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، دا زمونږ حلقه ده، زمونږ ضلع ده، مونږ ته پته ده چه هلته کوم زیاتے شوے دے، ظاهر علي صاحب ډیر سخت ایکشن اغستے وو، په هغے باندے باقاعده انکوائری شوے ده او هغه انکوائری رپورټ تاسو دے هاؤس ته رااوغواړئ ځکه زه دا وایم چه تاسو ته پته اولګی چه څومره بے انصافی شوے ده، جعلی ډګرئ ئے راوړے دی، جعلی سرټیفیکټونه دی، د دے ټولو به انکوائرئ کېښے بالکل تاسو ته پته اولګی، بیا فیکلټی ورته وئیلی دی چه دا بوګس دی او دا ټول رپورټونه ظاهر علی شاه صاحب، انکوائری رپورټ پروت دے، د هغے نه بعد په ایګریکلچر کېښے کیږی، یوه انټرویو نه ده شوے، یوه انټرویو۔ ارباب ایوب جان ته مے پرسنل ریکویسټ کړے وو، هغوی ته پته ده، هغه پړے باقاعده نوټس اغستے وو۔ سر، دا خو څه خبره نه ده، زه درته وایم چه تاسو د تحقیقاتو حکم اوکړئ، بس ټهیک شوه، غیر قانونی بهرتئ شوے دی جی، دا د حکومت په حق کېښے ده جی۔

قائد حزب اختلاف: سپیکر صاحب!

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اکرم خان دورانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: منسټر صاحب د دا جواب اوکړی چه دا تنخواه د هغوی ولے بنده شوے ده، په څه بنیاد باندے هغوی ته تنخواه نه ملاویږی؟ که چرته په دے بنیاد تنخواه نه ملاویږی چه د هغوی غیر قانونی تقرری شوے ده نو بیا خو پکار ده چه تاسو دا سلیکټ کمیټئ ته واستوئ او د دے چهان بین اوشی چه دا چا کړی دی او ولے ئے کړی دی او که چرته حکومت دومره کمزورے وی چه د دوئ فنانس په دے پوزیشن کېښے وی چه دوئ خپلو خلقو ته تنخواه نه شی ورکولے، بیا خو مقصد دا دے چه یو اپوائنټمنټ ګورنمنټ اوکړی او هغوی ته تنخواه نه ملاویږی نو دا هم زیاتے دے۔ که دوئ لږ دا وضاحت اوکړی چه دا تنخواه ولے نه ملاویږی او په دیکښے څه Hurdle دے؟

جناب قائم مقام سپیکر: ملک قاسم خان! ستاسو دا سوال چه کوم دے په دیکښے تاسو یو ډیپارټمنټ نه دے Mention کړے چه د کوم ډیپارټمنټ په باره کښے خبره کوئ؟ لکه مطلب دا دے چه تاسو لیکئ چه "آیا یہ درست ہے کہ سال 2008 کے دوران گریڈ 1 سے گریڈ 10 تک کے ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں؟" نو آیا دا د کوم ډیپارټمنټ په باره کښے تاسو خبره کوئ، دا سے خو په یوه ضلع کښے ډیر ډیپارټمنټس وی؟

ملک قاسم خان خٹک: زما سوال چه غلط وو نو بیا جواب به ئے نه وو راکړے جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: زه خپل خان پوهه کوم کنه چه زه هغه ډیپارټمنټ ته ډائریکشنز ورکړم، لکه په دیکښے کوم ډیپارټمنټ ته به ډائریکشنز ورکوے یا کوم ډیپارټمنټ ته۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: دا هیلتھ ډیپارټمنټ، ایگریکلچر ډیپارټمنټ، لائیو سټاک ډیپارټمنټ۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: په ټول ډیپارټمینټس کښے دا دغه دی؟

ملک قاسم خان خٹک: جی بالکل دغه دی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ستاسو کوئسچن هم ډیر، Ambiguity پکښے شته دے، It is not clear question، پکار دا وه چه تاسو په دیکښے ډیپارټمنټس Mention کړے وے چه په دے دے ډیپارټمنټ کښے دا دا اپوائنټمنټس شوی دی او دا غلط شوی دی یا د دوئ تنخواګانے نه دی راغلے نو هغه ډیپارټمنټ ته به د دے ځائے نه مونږ ډائریکشنز ورکړی وو او د هغه ډیپارټمنټ نه به۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: مادا اووئیل چه ډیټیل رپورټ به دلته راشی، دوئ به باقاعده نامے راوستے وی هر څه جی، خو تاسو صرف ډائریکشنز ورکړئ، تاسو یو حکم صادر کړئ، انشاء الله خدائے پاک به پکښے خیر اچوی او غیر قانونی بهرتئ شوے دی۔

جناب قائم مقام سپیکر: مسٹر ارشد عبداللہ۔

وزیر قانون: داسے به اوکړو جی، ملک صاحب نه خفه کوؤ، ډیټیلز به رااوغواړو، دا پینډنګ کړئ جی چه څه تفصیلات وی، بیا به ئے هاؤس ته مخامخ کیږدو۔

Mr. Acting Speaker: The concerned department is directed to furnish detailed report regarding this Question, till that it is kept pending.

(Applauses)

Mr. Acting Speaker: Janab Syed Qalb-e-Hassan Sahib, not present. Malik Qasim Khan, Question No. 432, please.

* 432 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر اسٹیبلشمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں صوبائی معائنہ ٹیم موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی معائنہ ٹیم کے چیئر مین، ممبران، ایڈوائزر / کنسلٹنٹ کے نام، موجودہ عمر، عرصہ ملازمت اور کمیشن کی کارکردگی کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ہر سال کتنے کیسز پر کارروائی کی گئی، محکمہ وائز انکوائری پر کتنا عرصہ لگا اور اس پر کیا کارروائی کی گئی؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبائی معائنہ ٹیم میں ایڈوئزر / کنسلٹنٹ کی کوئی آسامی نہیں ہے جبکہ موجودہ چیئر مین، ممبران اور دوسرے امدادی اہلکاران کے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔

صوبائی معائنہ ٹیم نے گزشتہ پانچ سالوں میں درج ذیل تحقیقات مکمل کر کے ان کی رپوٹس حاکم مجاز کو برائے مزید کارروائی ارسال کی ہیں۔ جہاں تک تحقیقات پر کارروائی کا معاملہ ہے تو اس سلسلے میں یہ عرض ہے کہ صوبائی معائنہ ٹیم جناب وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد اور معتمد اعلیٰ صوبہ سرحد کے احکامات کی بنیاد پر تحقیقات کرتی ہے اور مزید کارروائی کیلئے سفارشات اپنی تحقیقاتی رپورٹس میں مجاز حاکم کو پیش کرتی ہے، جن پر مجاز حکام کے احکامات کی روشنی میں متعلقہ محکمہ جات صوبائی معائنہ ٹیم کی بھیجی گئی تحقیقاتی رپورٹ پر عملدرآمد اور مزید کارروائی کرتی ہے جبکہ اس سلسلے میں پیش رفت کے بارے میں معائنہ ٹیم کو معلومات فراہم نہیں کی جاتیں۔

نمبر شمار	سال	تحقیقات کی تعداد
1	2008	60 تحقیقات
2	2007	30 تحقیقات
3	2006	42 تحقیقات

4	2005	37 تحقیقات
5	2004	27 تحقیقات

درج بالا تحقیقات کی تفصیل فراہم کی گئی۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، سپلیمنټری زما په دیکښې دغه دے چه دوئ دا وائی چه مونږ د وزیر اعلیٰ او د چیف سیکرټری په Behalf باندے کار کوؤ او هغوی ته رپورټونه لیږو۔ سپیکر صاحب، چه یوه اداره د خپل شی Follow up نه شی کولے نو آیا د دے ادارے څه فائده شته؟ سر، دویم سپلیمنټری کوئسچن مے پکښې دا دے چه جناب والا، په کرک کښې پینځه انکوائریانے زمونږ په ریکویسټ باندے شوے دی، هلته چه کوم سړے انکوائرئ ته لاړو سلام وزیر نو هغه څه شو، چرته لاړو او هغه چه کوم رپورټ ورکړو، بیا بل چا رپورټ ورکړو، هغه څه شو؟ زه اوس هم دا وایم چه تاسو ته ئے کم از کم پکار دا ده چه هغه رپورټ پیش کړے وے او بیا نور چا د سره انکوائری کړے نه ده ځکه چه سلام وزیر کرک ته راغلے وو او هغه چه دا رپورټ پیش نه کړو نو د هغے نه مخکښې ئے هغه بدل کړو۔ زه صرف جی دا وایم چه زمونږ دغه انکوائری د دوباره اوشی چه څومره زما انکوائرئ دی، دا بالکل غلطے دوئ کړے دی او د هغے نه بعد سلام وزیر د دا رپورټ ورکړی نو بیا ټهیک ده ځکه چه هغه Personally لیدلی وو، یو یو سکیم ئے کتلے وو، یو یو ځائے ئے کتلے دے۔ زمونږ په دیکښې دا کوئسچن دے چه کوم کسانو دا رپورټ ورکړے دے، بالکل د رپورټ کاپیانے د دے هاؤس ته فراهم شی سر۔ شکریه۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون: سپیکر صاحب، په دیکښې چه دوئ کوم سوال کړے دے، د دوئ خو Basically سوال دا وو چه یره د صوبائی معائنه ټیم چیئرمین، د هغے ممبران، کنسلټنټ، د هغوی نومونه، عمر، ملازمت او په تیر شوی پینځه کاله کښې څومره کیسز باندے دوئ کارروائی کړے ده نو هغه ډیټیل مونږ دوئ ته ښه مفصل ورکړے دے، اوس دا سپلیمنټری کوئسچن دے، یوه Particular انکوائری ته دوئ ریفر کړے دے نو یا خو دوئ زما په خیال، زه به ئے بیا بریک

ټائم کښې، د هغوی سیکرټری صاحب دلته راغلے دے، د هغوی سره به ئے کښینو مه چه کومه انکوائری دوئ غواړی نو هغه رپورټ به دوئ ته دغه کړو او د دوئ سره به ئے شیئر کړو۔ پکار دا ده چه په خپل سوال کښې تاسو تپوس کړے وے نو مونږ به تاسو ته نن تفصیل فراهم کړے وو، دوئ جنرل سوال کړے دے جی او د هغې ټول مکمل تفصیل ورله مونږ ورکړے دے او بل د دے میندیټ چه کوم دے، هغه Cognizance هله اغستے شی چه کله چیف منسټر یا چیف سیکرټری ورته دا ریفر کړی، داسے خو به په زرګونو خلق Unanimous complaints لیږی، They can not be entertained، نو زه د دے د پاره وایم چه قانوناً یو قدغن مو پرے ایښودے دے چه یره صرف چیف سیکرټری یا چیف منسټر به دغلته، یعنی Referring Authority دغه دوه دی۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> ملک قاسم صاحب! دا تاسو چه کوم سپلیمنټری کوئسچن اوکړو نو په دیکښې د دے هډو څه ذکر شته دے نه او That is not related to this question ځکه چه تاسو پخپله انکوائرئ پسے راغلئ، په دیکښې تاسو په کمیشن کښې نام فلاں فلاں، مطلب داسے نو آیا چه دا کوم زمونږ منسټر صاحب اوفرمائیل نو د دے سره نه Agree کیږئ ځکه چه دا ستاسو کوم سپلیمنټر ی کوئسچن دے، That is totally irrelevant۔

<u>ملک قاسم خان خټک:</u> سر، زما سپلیمنټری کوئسچن دغه دے نو زما خو ټهیک ده، دوئ ما ته باقاعده د انکوائرئ ډیټیل راکړے دے؟

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> چه تاسو په هغې کښې څه غوښتے دی نو هغوی تاسو له درکړی دی کنه۔

<u>ملک قاسم خان خټک:</u> منسټر صاحب دا وائی چه دا انکوائری د وزیر اعلیٰ صاحب په دغه کیږی نو د وزیر اعلیٰ صاحب په ډائریکټیو باندے دا انکوائری شوے ده، باقاعده هغوی ته مے ریکویسټ کړے وو او د انکوائرئ چه کوم آفیسر وو سلام وزیر صاحب چه د صوبے ټیکنیکل افسر دے، هغه کرک ته لاړو او د کرک هر یو، Every scheme ئے کتلے دے خو هغه چه لاړو نو بدل شو، بیا زه دا وایم چه بل څوک انکوائرئ ته نه دی تلی۔ زه دا وایم چه سلام وزیر دا کوم انکوائری

رپورټ ورکړی، هغه به مونږ ته بیا قبول وی چه پته ئے اولګی، دلته په پیښور کښے ناست دے، رپورټ بیا څنګه هغه۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: بهتره به دا وی چه کوم زمونږ وزیر صاحب اوفرمائیل نو بس د هغه سره کښینئ، هغه به دغه کړی۔

ملک قاسم خان خٹک: دا کوئسچن بیا پینډنګ کړئ، دا زمونږه ریکویسټ دے۔

جناب قائم مقام سپیکر: دا کوئسچن نه شم پینډنګ کولے۔

ملک قاسم خان خٹک: دا انکوائری د بیا دوباره اوشی چه کوم د چیف منسټر صاحب حکم دے۔

جناب قائم مقام سپیکر: هغه به تاسو د منسټر صاحب سره په بریک کښے کښینئ او هغوی به تاسو مطمئن کړی، ټهیک شوه؟

ملک قاسم خان خٹک: ټهیک شوه۔

Mr. Acting Speaker: Thank you. Dr. Zakirullah Sahib, not present. Question No. 395, Janab Malik Qasim Sahib, please.

* 395 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ مال اور ریلیف کمشنر مختلف مدوں میں امداد فراہم کرتا ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ سیلاب میں ڈوبنے اور گاڑیوں کے بہہ جانے کی صورت میں امداد نہیں دی جاتی؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کون کونسے حالات میں امداد فراہم کرتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال واملاک): (الف) جی ہاں، یہ امداد ریلیف ایکٹ 1958 کے (سیکشن تھری) کے مطابق فراہم کی جاتی ہے جو کہ مندرجہ ذیل مد میں ہوتی ہے:

سیلاب، طوفان، قحط، ٹڈی دل یا کوئی دوسرے تباہ کن کیڑے مکوڑے، ژالہ باری، آگ، وبائی امراض یا کوئی دوسری مصیبت۔

(ب) جی ہاں، جیسا کہ ریلیف ایکٹ 1958 کے (سیکشن تھری) میں مکمل تفصیل دی گئی ہے۔ سیلاب سے تباہ کاری کی وجہ سے یہ امداد دی جاتی ہے مثلاً مویشی ہلاک ہونے، مکانات تباہ ہونے اور انسانی جان کے

ضیاع ہونے کی صورت میں امداد دی جاتی ہے مگر گاڑیوں، دکانوں، اراضی وغیرہ کی تباہ کاری پر امداد نہیں دی جاتی ہے، جس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ج) محکمہ مال شیڈول کے مطابق مندرجہ ذیل حالات میں امداد فراہم کرتا ہے:

(i) اموات یا زخمی ہونے کی صورت میں۔

1۔ فوت شدہ فی فرد	100,000 لاکھ روپے
2۔ شدید زخمی فی فرد	50,000 ہزار روپے

(ii) تباہ شدہ مکانات کی صورت میں امداد:

1۔ مکمل تباہ شدہ مکان پکہ یا کچہ	25,000 ہزار روپے
2۔ جزوی نقصان شدہ مکان پکہ یا کچہ	10,000 ہزار روپے

(iii) مویشی کے ہلاک ہونے کی صورت میں امداد:

1۔ گائے، بھینس، گھوڑا اور اونٹ	10,000 ہزار روپے
2۔ گدھا، بھیڑ، بکریاں وغیرہ	3000 ہزار روپے

شیڈول ریٹ کی تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question?

ملک قاسم خان خٹک: سپلیمنٹری کوئسچن پہ دیکښے دا دے چہ څومره خلق په کرک کښے وو، کورونه ئے وران وو یا دا چه کوم نقصان شوے وو، هغوی ته تر اوسه پورے معاوضه ولے نه ده ملاؤ؟ صرف زمونږ دا ریکویسټ دے۔ نور چه دا دوئ څه وئیلی دی، د دے سره زما اتفاق دے، زه ورسره Agree یم۔

جناب قائم مقام سپیکر: تهینک یو، ډیره مهربانی، ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔ جناب سردار اورنگزیب صاحب، آنریبل ایم پی اے، سردار اورنگزیب صاحب، کوئسچن نمبر 397، پلیز۔

* 397 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت میں ERRA کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ERRA کی اب تک کی کارکردگی اور آئندہ کیلئے منصوبہ بندی کی تفصیل فراہم کی جائے؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال واملاک): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) صوبہ سرحد کے زلزلے سے متاثرہ اضلاع میں ERRA نے تقریباً 6108 منصوبے شروع کر رکھے ہیں جن میں سے تقریباً 1261 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ ERRA کے موجودہ، مکمل شدہ اور آئندہ کے منصوبوں کا خلاصہ ایوان کو فراہم کیا گیا۔

جناب قائم مقام سپیکر: سردار صاحب کا مائیک آن کریں، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، میرا ضمنی کوسچن یہ ہے کہ ERRA والوں نے جو کارکردگی یہاں پر جواب میں بیان کی ہے کہ 6108 منصوبوں پر ہم نے کام شروع کر رکھا ہے اور 1261 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، جناب سپیکر، جو 1261 منصوبے انہوں نے مکمل کئے ہیں، ان کی تفصیل انہوں نے بیان نہیں کی ہے۔ جناب سپیکر، زلزلے کو چار سال ہو چکے ہیں اور یہ جو فنڈ آیا ہے، یہ ہمیں باہر سے ملا ہے، زکواۃ کی مد میں لوگوں نے ہمیں صدقے دیئے ہیں مگر ابھی تک ہزارہ ڈویژن میں، خصوصی طور پر زلزلے کے حوالے سے جو سکیمیں شروع کی گئی ہیں، ان کے کاموں میں انتہائی سست روی ہے اور سکیمیں بالکل مکمل نہیں ہوئی ہیں۔ میرے ڈسٹرکٹ میں ٹوٹل پانچ سکول ابھی تک مکمل ہوئے ہیں اور جن سکیموں پر یہ ٹینڈر لگاتے ہیں، جب ٹھیکیدار کا ٹھیکہ ہو جاتا ہے تو ٹھیکہ ہونے کے ایک سال بعد بھی ٹھیکیدار کام شروع نہیں کر سکتا۔ نیسپاک انہوں نے ایک ایسا ادارہ اس میں رکھا ہوا ہے جو مسلسل کبھی سروے اور کبھی Estimates لگاتا ہے تو سکیمیں ہماری لیٹ ہو رہی ہیں۔ میں چاہتا ہوں جی کہ میرا یہ کوسچن کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور اس پر تحقیق کی جائے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: جناب قلندر لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، جیسے اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے کہا ہے، بالکل جی، یہ فنڈز ہمیں ڈونرز نے دیئے ہیں، یہ اس دن چیف منسٹر صاحب نے بھی بریفنگ میں بتایا تھا، ڈونرز اور ہم سب بیٹھے ہوئے تھے، ہماری میٹنگ ہوئی تھی تو یہ 2011 تک ہے، یہ 2011 میں Lapse ہو جائیں گے۔ ان چار سالوں میں ابھی تک جو کام شروع ہوئے ہیں، ابھی جی ادھر ایبٹ آباد شیروان روڈ شروع ہے، وہ چھ مہینے سے ایک سال سے شروع ہے، Job mix formula ہوتا ہے Premix کا، اس کی Approval ابھی تک ان کو لاہور سے نہیں آ رہی، یہ جو بھی چیز On ground کرتے ہیں، پہلے اس کے کنسلٹنٹ لاہور سے، اس کی Approval میں Job mix formula ہوتا ہے کہ اس میں کرش کتنی ہوگی، اس میں

Sand کتنی ہو گی، اس میں تار کول کتنا ہو گا؟ تو وہ ابھی تک ان سے Decide نہیں ہو سکا اور کام بند ہے جی۔ اسی طرح سے انہوں نے یہ جو دیا ہے جی، اس میں انہوں نے جو لسٹ دی ہے، یہ بھی اس کے مطابق نہیں آئی ہے، فگرز بالکل ٹھیک نہیں ہیں۔ ہم نے اسی دن اس کے متعلق کہا کہ آپ کچھ ایسا کریں، گورنمنٹ کو ہم نے یہی کہا کہ اس طرح سے تو یہ، ہمارا یہ خیال تھا کہ ان پانچ ڈسٹرکٹس میں ہمارے ڈونرز کا جو فنڈ ہے، وہ لگائیں گے تو کل اے ڈی پی سے ہمارے پانچ ڈسٹرکٹس کا بوجھ کم ہو جائے گا۔ باہر کا پیسہ ہے تو ہمارے وہ پیسے بھی دوسرے صوبے میں، دوسرے ڈسٹرکٹ پر لگے جی لیکن ہماری حالت ایسی ہے کہ ہماری جو بربادی ہو گئی ہے، اس کا بالکل کچھ تدارک نہیں کیا گیا اور ایسی معمولی معمولی باتوں پر سینٹی، ڈاؤن سینٹی پر ان کا جھگڑا ہو جاتا ہے اور کنٹریکٹر کو ہفتہ ہفتہ کام کیلئے نہیں دیتے اور اس کو بند کر دیا جاتا ہے تو ہم وہاں موٹروے نہیں بنا رہے، ہمارے علاقے کی وہی ضروریات ہیں، پہلے سے ہماری سی اینڈ ڈبلیو نے جو روڈز بنائے ہیں، وہی سٹینڈرڈ ہم چاہتے ہیں، Kindly ہمیں ہمارے کام کر کے دیئے جائیں اور یہ جو فنڈز ہیں، یہ اربوں روپے کے آئے ہیں، انہیں ریلیز کیا جائے، تھینک یو جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔ جناب سپیکر، یہ بہت اہم سوال یہاں اسمبلی میں اورنگزیب صاحب نے Raise کیا ہے۔ یہ جو قیامت خیز زلزلہ آ گیا تھا جی، اس کے بعد وہاں پر بے قاعدگیاں یا یہ کمزوریاں تو بہت زیادہ ہوں گی لیکن ہم صرف نظر کرتے ہیں، اسلئے کہ اس میں بیرونی سرمایہ بھی Involve ہے اور ایسا نہ ہو کہ ان لوگوں کو شکایتیں آ جائیں اور وہ ہمارے بارے میں یہ سوچیں کہ یہ لوگ بدعنوان ہیں لیکن جو بہت زیادہ ضروری ہوتا ہے، وہ کوسچن پھر ہم آپ کے سامنے لاتے ہیں اور اس ایوان کے حوالے سے لوگوں کی دادرسی ہوتی ہے۔ ایک کوسچن اس کے اندر یہ ہے کہ نیو بالاکوٹ سٹی تعمیر کی گئی ہے، اس کا پلان ہے جی، تعمیر نہیں، پلان ہے اور ریڈ زون پہ ہونے کی وجہ سے اس کو وہاں سے ایک اور جگہ لانا چاہا اور وہ جو جگہ ہے، وہ میدان بکھل کے قریب ہے تو وہاں لوگوں سے انہوں نے زمینیں خریدی ہیں تو لوگوں نے اس جذبے کے تحت زمینیں دی ہیں، بہت قیمتی زمینیں دی ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج تک ان تمام لوگوں کی زمین کے واجبات ادا نہیں کئے گئے۔ اب لوگوں نے زمینیں دے دیں اور یہ واجبات نہیں دے رہے، اگر اس میں کورٹ کیسز ہیں تو اس کی بات میں نہیں کرتا جی،

کورٹ کیسز کے علاوہ جن مالکان نے وہاں پر نیو بکریال سٹی یا نیو بالاکوٹ سٹی کیلئے زمینیں دی ہیں تو Kindly جلد از جلد ان کے وہ پیسے بھی دیئے جائیں تاکہ وہ لوگ مطمئن ہو جائیں۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ظاہر شاہ صاحب۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر صاحب، دوئ تفصیل ورکړے دے چه دوئ ډسټرکټ شانګله کښے د ایجوکیشن په 203 پراجیکټونو باندے کار کوی او تر اوسه پورے یو هم نه دے 'کمپلیټ' شوے۔ اوس تاسو اندازه او لګوئ چه څلور کاله د زلزلے اوشو او سکولونه وران پراته دی۔ سپیکر صاحب، چه کومو این جی اوز او تنظیمونو تمبوان ورکړی دی، ټینټونه ئے ورکړی وو، هغه بالکل ختم شوی دی۔ زما ضمنی سوال دا دے چه کم از کم دا نور پریږده، یو سکول هم تر اوسه پورے 'کمپلیټ' نه شو جی۔

Mr. Acting Speaker: Janab Arshad Abdullah Sahib, Minister concerned. Sorry, Tanoli Sahib.

الحاج حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال و املاک): Thank you very much۔ جناب سپیکر، یہ کوسچن نلوٹھا صاحب نے کیا ہے جو کہ واقعی بڑا Important ہے اور میں ERRA کو Defend نہیں کرتا البتہ جو Recently مینجمنٹ آئی ہے تو انہوں نے کچھ اقدامات کئے ہیں، چونکہ میرا تعلق بھی ذاتی طور پہ مانسہرہ سے ہے اور زلزلہ والے ایریا میں جتنے نقصانات ہوئے ہیں اور کنسٹرکشن کا کام جو انہوں نے شروع کیا تھا، وہ بہت Slow تھا، ابھی Recently مینجمنٹ کچھ Change ہوئی ہے تو نیسپاک ایک ملٹی نیشنل ادارہ ہے، اس کو اس کی کنسلٹنسی دی گئی۔ جس طرح لودھی صاحب نے فرمایا ہے کہ چھوٹے چھوٹے کاموں کیلئے لاہور تک جانا پڑتا ہے اور ابھی جو انہوں نے Change کی ہے، Lastly چیف منسٹر صاحب نے ان کو وارننگ بھی دی ہے کہ اگر آپ کے پاس سٹاف نہیں ہے تو ہمارا اپنا لوکل سٹاف اس کو کرے گا تو میری گزارش یہ ہے کہ جو کام اب چلا ہے، مجھے یقین ہے کہ اس میں پراگرس ہو گی اور۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر مال و املاک: میرے بھائی، جب بھی میٹنگ ہو، ہر ضلع میں ایک ڈسٹرکٹ ری کنسٹرکشن یونٹ بنا ہوا ہے تو اس میٹنگ میں آئیں اور اپنی Suggestions دیں اور اپنے پوائنٹس بھی لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مانسہرہ میں ہمارا جو یونٹ ہے، ہم اس میں باقاعدگی سے جاتے بھی ہیں اور ابھی میں کافی حد تک

مطمئن ہوں۔ میری اپنے کانسٹی ٹیونسی میں جو کام پینڈنگ تھے، کبھی کوئی سائٹ Dispute تھا، دراصل ہوتا نہیں ہے اور ویسے پیپرز میں آجاتا ہے جی کہ ادھر سائٹ Dispute ہے، اسلئے یہ لٹک رہا ہے، مجھے یقین ہے کہ اب جو سلسلہ انہوں نے Actively شروع کیا ہے تو ہماری یہ Grievances دور ہو جائیں گی۔ مفتی صاحب نے جو بات کی کہ نیو بالاکوٹ سٹی کا معاوضہ نہیں ملا، اس میں جو کورٹ کیسز ہیں، ان کے علاوہ ایسی کوئی رپورٹ نہیں آئی اور اگر ایسی کوئی بات ان کے نوٹس میں ہے تو کوئسچن لائیں، ہم ان سے رپورٹ طلب کریں گے، Thank you very much۔

جناب قائم مقام سپیکر: Thank you very much۔ جناب عدنان وزیر صاحب۔ شتہ عدنان وزیر صاحب؟ Not present۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

344 _ جناب عدنان خان: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت قرضہ جات جاری کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبائی قرضہ جات جاری کرنے اور ان کے انتظام کی سالانہ تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، صوبائی حکومت قرضہ جات جاری کرتی ہے۔

(ب) صوبائی حکومت گزشتہ چار سال سے سرکاری ملازمین کو ہاؤس بلڈنگ ایڈوانس، موٹر سائیکل ایڈوانس اور سائیکل ایڈوانس کی مد میں قرضہ جات فراہم کرتی رہی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	سال	قرضہ کی رقم
1۔	2005-06	30.000 ملین۔ یہ قرضے بہبود فنڈ کے توسط سے مہیا کئے جاتے ہیں۔
2۔	2006-07	40.000 ملین
3۔	2007-08	40.000 ملین
4۔	2008-09	40.000 ملین۔ یہ رقم محکمہ خزانہ نے جاری کر دی ہے جو عنقریب سرکاری ملازمین کو قرعہ اندازی کے ذریعے ادا کر دی جائے گی۔ ان قرضوں کی وصولی ملازمین کی ماہوار تنخواہ سے اقساط کی صورت میں بذریعہ اکاؤنٹنٹ جنرل صوبہ سرحد کی جاتی ہے۔

علاوہ ازیں صوبائی حکومت نے گزشتہ پانچ سالوں میں درج ذیل اداروں کو قرضہ جات جاری کئے ہیں، ان کی تفصیل یہ ہے:

نمبر شمار	ادارے کا نام	تاریخ ادائیگی	رقم (ملین روپے)	قرضے کا مقصد
1۔	گلیات ترقیاتی ادارہ	05-01-2005	2.700	گلیات کو فائر بریگیڈ گاڑی کی خریداری کیلئے
2۔	سوئی نادرن	15-04-2004	167.653	پشاور، چارسدہ اور مردان کے علاقوں کو گیس کی فراہمی کیلئے
3۔	ڈی سی او مردان	10-12-2005	4.537	مردان سپورٹس کمپلیکس کے زمین کی خریداری کیلئے
4۔	BISE ڈی آئی خان	12-07-2006	12.000	ڈی آئی خان میں ثانوی تعلیم بورڈ کے قیام کیلئے
5۔	ETEA	09-08-2006	3.300	ETEA کیلئے قرضہ اس کے انٹری ٹیسٹ کے انتظام اور دوسرے ضروریات کیلئے فراہم کیا گیا۔

ان تمام اداروں سے قرضوں کی واپسی شیڈول کے مطابق ہو رہی ہے، البتہ ڈی سی او مردان سے واپسی میں تاخیر ہو رہی ہے جس کیلئے اس کیساتھ باقاعدہ کیس جاری ہے جبکہ ڈیرہ اسماعیل خان سیکنڈری بورڈ سے واپسی 2010 سے شروع ہو گی۔

424 _ سید قلب حسن: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری محکموں میں جو لوگ ریٹائر ہو جاتے ہیں یا وفات پا جاتے ہیں، ان کی مستقل آسامیاں ختم ہو جاتی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ آسامیاں (Contract basis) میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور پھر اس پر بھرتی کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ضلع کوہاٹ میں پچھلے دس سالوں کے دوران جو لوگ ریٹائر ہوئے ہیں، ان کی تعداد کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) اب تک مذکورہ آسامیوں پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر کتنی بھرتیاں ہوئی ہیں، تمام محکموں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) جی نہیں، صرف مخصوص محکمہ جات میں درجہ چہارم کے گریڈ ایک کے تمام ملازمین کی باقاعدہ آسامیاں ان کی سبکدوشی یا وفات پر ختم تصور کی جاتی تھیں اور ان کی تخلیق مقررہ تنخواہ پر کرانے کیلئے محکمہ خزانہ سے رجوع کرنا پڑتا تھا۔ حکومت نے اس فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے بذریعہ مراسلہ نمبر B.O-I/22-1/2007-08/FD مورخہ 29 جنوری 2008 کے تحت یکم جولائی 2008 سے ایسے تمام ملازمین کیلئے باقاعدہ بنیادی سکیل نمبر ایک کی منظوری دی ہے جس کی تفصیل مذکورہ بالا چٹھی میں ملاحظہ ہو۔

(ب) جی نہیں، اب تمام خالی آسامیوں پر تقرری این ڈبلیو ایف پی سول سرونٹس ایکٹ 1973 (ترمیمی ایکٹ 2005) کے تحت باقاعدہ بنیادوں پر کی جاتی ہیں۔

(ج) (i) چونکہ (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں نہیں، لہذا اس جز کے جواب کی ضرورت نہیں۔

(ii) ایضاً

269 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ تحصیل اوگی کے گاؤں چھپال میں سابقہ نواب کی ملکیتی اراضی میں سے سرپلس اراضی خسرہ نمبر 846 (170 کنال 15 مرلے) 1967ء کے تخمینہ لاگت پر محکمہ جنگلات کو Resumed Land کیلئے فروخت کی گئی تھی;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اراضی کی محکمہ جنگلات نے دوسری ارضیات سمیت وقتاً فوقتاً مجموعی طور پر ڈپٹی کمشنر ہزارہ کو -/6105372 روپے کی ادائیگی کی ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی لینڈ کمشنر ایبٹ آباد نے بذریعہ لیٹر نمبر 199/14/RL(B) مورخہ 10-10-83 کو ڈویژنل فارسٹ آفس ڈیمارکیشن سے مزید 5,10,360.74 روپے کی ادائیگی کے ضمن میں دریافت کیا جس کے نتیجے میں مذکورہ اراضی کی قیمت اور دیگر جملہ رقوم کی ادائیگی کی گئی ہے;

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا کے باوجود مذکورہ اراضی بذریعہ انتقال نمبر 272 مورخہ 30-03-1982 کو محکمہ جنگلات کی بجائے مقامی لوگوں عبداللہ وغیرہ کے نام انتقال کروائی گئی؛

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو انتقال نمبر 272 مورخہ 30-03-1982 کا جواز (Justification) کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال واملاک): (الف) یہ درست نہیں ہے کہ اراضی خسرہ نمبر 846 تعدادی 170 کنال 15 مرلے واقع موضع چمیال 1967ء کے تخمینہ لاگت پر محکمہ جنگلات کو Resumed Land کیلئے فروخت کی گئی تھی، یہی اراضی نواب آف امب سے فاضلہ / سرپلس ہوکر صوبائی حکومت بذریعہ لینڈ کمیشن عبداللہ، سکندر، حفیظ اللہ، مسکین پسران عبیداللہ ساکنان چمیال، تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ کو الاٹ کی گئی ہے۔

(ب) یہ درست نہیں ہے کہ مذکورہ اراضی کی بابت محکمہ جنگلات نے ادائیگی کی ہے، البتہ محکمہ جنگلات نے رقم مبلغ -/6105372 مختلف تاریخ ہائے کو بابت منتقلی دیگر رقبہ جات کی ادائیگی کی ہے۔

(ج) یہ درست نہیں ہے کہ اراضی مذکورہ کی قیمت کی بابت ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد نے بذریعہ چٹھی نمبر 199/14/RL(B) مورخہ 10-10-1983 ڈویژنل فارسٹ آفیسر ڈیمارکیشن سے ادائیگی کے ضمن میں دریافت کیا، چٹھی ملاحظہ کی گئی۔ ڈپٹی لینڈ کمشنر کے جس خط کا ذکر کیا گیا ہے، اس کی تاریخ 10-10-1983 ہے جبکہ مذکورہ اراضی کی منتقلی کی تاریخ 20-03-1982 ہے۔ ڈویژنل فارسٹ آفسر ڈیمارکیشن کی اداشدہ رقم مبلغ 5,10,360.74 روپے بابت منتقلی دیگر رقبہ جات ہے۔

(د) یہ درست نہیں ہے۔ تفصیل فراہم کی گئی۔ تفصیل اراضیات منتقلہ بنام محکمہ جنگلات واقعہ موضوع چمیال اس طرح سے کہ بروئے انتقال نمبر 220 موضوع چمیال مورخہ 15-05-1979 قطعات 67 تعدادی 8622-16 محکمہ جنگلات کو بعوض مبلغ 2,41,366.62 روپے منتقل ہوئے۔ مذکورہ انتقال میں ماسوائے نمبر خسرہ 846 کے دیگر نمبرات خسرہ کا ذکر ہے۔ مابعد نمبر خسرہ 846 تعدادی 170-15 بروئے حکم جناب ڈی ایل سی صاحب مانسہرہ / ڈپٹی کمشنر بنام عبداللہ وغیرہ منتقل ہوئی کیونکہ نمبر خسرہ فاضلہ ہونے پر عبداللہ وغیرہ کو الاٹ ہوا جو کہ قابض تھے۔ کاپی انتقال بابت منتقلی اراضیات بنام فارسٹ ڈیپارٹمنٹ فراہم کی گئی۔

(ہ) فقرہ نمبر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں نہیں ہیں، تاہم تفصیل یہ ہے کہ انتقال نمبر 272 مورخہ 30-03-1982 میں شامل رقبہ فاضلہ تھا جو کہ امب سے فاضلہ / سرپلس ہو کر صوبائی حکومت کو بذریعہ لینڈ کمیشن منتقل ہوا۔ مابعد یہی رقبہ عبداللہ وغیرہ کو الاٹ ہوا، حکومتی پالیسی کے مطابق قابضین / چھوٹے مالک یعنی کم از یکصد کنال کے مالکان کو الاٹ ہو سکتا ہے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> چند معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن کے اسمائے گرامی ہیں: جناب محمد علی شاہ صاحب، ایم پی اے 12-03-2009؛ جناب کشور کمار صاحب 11-03-2009 تا 12-03-2009؛ جناب احمد خان بہادر صاحب، ایم پی اے 12-03-2009 تا 13-03-2009۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Acting Speaker:</u> The leave is granted. Now coming to item No. 5, 'Privilege Motions':-----

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر، میرا ایک پوائنٹ ہے کہ -----

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> عبدالاکبر صاحب۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> ستمبر میں آپ پروسیڈنگز کو چیئر کر رہے تھے اور یہاں پر میرا ایک بہت معمولی سا بل تھا جو میں اس اسمبلی کے فلور پر لایا تھا۔ جناب سپیکر، آپ نے اور اس ہاؤس نے بھی مہربانی کی اور اس کو آپ نے سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا تھا لیکن جناب سپیکر، سلیکٹ کمیٹی نے، تقریباً سات مہینے ہو گئے، میں آپ کی توجہ رول نمبر 94 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Ninety?

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> Ninety four, Sir.

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Yes, ninety four.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan</u>: "after a Bill has been referred to a Select Committee, the Select Committee shall meet from time to time in accordance with rule 91 to consider the Bill and shall make a report thereon within the time fixed by the Assembly".

اس میں اسمبلی نے کوئی ٹائم فکس نہیں کیا تھا، اب نیچے Proviso پہ آ جائیں، "Provided that where the Assembly has not fixed any time for the presentation of the report, the report shall be made before the expiry of three

".months"، یعنی اگر اسمبلی نے ٹائم فکس کیا ہے پھر تو اسی ٹائم کے اندر رپورٹ کو پیش ہونا ہے لیکن اگر اسمبلی نے ٹائم فکس نہیں کیا ہے تو پھر تین مہینے کے اندر اندر پیش ہونی چاہیئے اور اگر تین مہینے میں بھی نہیں تو پھر آپ Extension کیلئے ہاؤس سے اجازت لیں گے۔ جناب سپیکر، وہ بھی نہیں لی گئی اور اس رپورٹ کو سات مہینے ہو گئے جو کہ ابھی تک پیش نہیں کی گئی۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ رول 153 (3) کی طرف دلانا چاہتا ہوں، 155 سر۔

Mr. Acting Speaker: One?
Mr. Abdul Akbar Khan: One fity five, one fifty five.
Mr. Acting Speaker: One fity five.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس میں سب رول (3) ہے کہ "If a Committee does not present its report within the period prescribed," یعنی اگر فکس ہے تو ٹھیک ہے اور اگر فکس نہیں ہے تو or the time allowed, the Bill, subject or matter referred to it, may be considered by the Assembly, without waiting for the report, upon a motion by any Member or by the Minister concerned." جناب سپیکر، چونکہ I was the mover اور چونکہ اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ Within stipulated time پیش نہیں کی ہے جو اسمبلی نے اس کو دیا ہے، اس کے اندر پیش نہیں کی اور اسمبلی نے Extension بھی نہیں دی تو اب جناب سپیکر، تین کی بجائے سات مہینے ہو گئے اور بہت معمولی سی امنڈمنٹ ہے تو اسلئے جناب سپیکر، میں رول (3) 155 کے تحت آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو، Consideration اس میں ہے کیونکہ Introduction تو اس کی ہو چکی ہے لیکن رپورٹ چونکہ نہیں آئی ہے تو اسلئے اگر آپ مہربانی کر کے اس کو Consideration کیلئے ہاؤس کو Put کریں تو آپ کی مہربانی ہو گی جناب سپیکر۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر!

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: عبدالاکبر خان چه کومه خبره اوکړه، ډیره د اهمیت ده او ستاسو په دیکښے خپل هم پوره محنت وو نو مونږ به د دے تائید هم کوؤ او که تاسو دا مهربانی اوکړئ او نن تاسو اجازت ورکړئ۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): سر، میں تو محمود عالم صاحب کیساتھ ان کی تحریک استحقاق ذرا ڈسکس کر رہا تھا۔ دا کوم دغه دے ، دا بل کوم یو دے ؟

Voices: Civil Servants (Regularization of Services act)

وزیر قانون: ښه ښه، زما خیال دے سر بریک ټائم کښے به مونږ کښینو، په خپلو کښے به پرے ډسکشن اوکړو چه یره څه لاره ترے رااوځی جی۔ سر، بریک ٹائم میں ان کیساتھ بیٹھ کر وہ دیکھ لیں گے کہ اگر Possibilityہے تو کرلیں گے سر۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس میں بات ایسی نہیں ہے بلکہ میں Consideration کیلئے کہہ رہا ہوں کہ اس کو اگر آپ ہاؤس کو Put کریں۔

جناب قائم مقام سپیکر: عبد الاکبر خان! زما دیکښے ستاسو سره خپل هسے ، مطلب دا دے دا ډیره Important issue ده او په دے باندے لږ ورک کول پکار دی نو زه وایمه چه د بریک نه پس، مطلب دا دے چه تاسو شئ او زمونږ ګران مشر ورور ارشد عبد الله صاحب شی، زه شمه، کښینو او په دے باندے دغه اوکړو، خوښه مو ده او هم نن After ، بیا خو خیر دے د بریک نه پس هاؤس کښے خبره کولے شئ۔ ډیره مننه، ډیره مهربانی۔

تحاریک استحقاق

Mr. Acting Speaker: Item No. 5. ‘Privilege Motions’: Mr. Mehmood Alam honourable MPA, to please move his privilege motion No. 51 in the House. Mr. Mehmood Alam, please.

جناب محمود عالم: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی وساطت سے ایوان کی توجہ ایک اہم معاملے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ میرے حلقہ پی ایف 62 میں تحصیل کمپلیکس پالس کی تعمیر کیلئے نوٹیفکیشن ہو گیا ہے، اس کے باوجود ڈسٹرکٹ سے کمیشن بنایا گیا ہے، جس سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے کیونکہ سابقہ نوٹیفکیشن سے میں اتفاق کرتا ہوں، اس کے مطابق کمپلیکس کی تعمیر ہونی چاہیئے کیونکہ حلقے کا ایم پی اے میں ہوں، لہذا اس کمیشن کو ختم کیا جائے جو بعد میں بنا ہے۔ ڈسٹرکٹ کوہستان کے افسروں نے فزیبلیٹی رپورٹ بھی دی ہے اور نوٹیفکیشن جاری ہوا، اس کے مطابق ہوا ہے، اس کے مطابق بنایا جائے اور یہ جو نیا کمیشن بنایا گیا ہے، اس کو ختم کیا جائے اور چونکہ نیا کمیشن کل جا رہا ہے، آج اس نے کوہستان جانا ہے، کل جا کر وہاں کارروائی کرنی ہے، لہذا آج ہی اس کمیشن کو ختم کیا جائے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، بات یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، آنریبل ممبر نے پریویلج موشن کے ذریعے جس ایشو کو اٹھایا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر گورنمنٹ اس کو ایشورنس دے دے تو پریویلج موشن As such پھر یہ نہیں بنے گی کیونکہ Already ایک رپورٹ Submit ہو چکی ہے، Competent authority نے رپورٹ Submit کی ہے اور اس میں ایم پی اے کا، ڈی سی او کا اور سب کا Concurrence شامل ہے کہ یہ کمپلیکس اسی جگہ پر ہونا چاہیئے۔ اگر ایک ایم پی اے اور ساری ایڈمنسٹریشن جب کہتی ہے کہ یہ جگہ ٹھیک ہے اور سب Agree ہیں تو پھر ایک اور کمیشن کی کیا ضرورت ہے؟ جناب سپیکر، میں کہتا ہوں کہ فی الحال اگر گورنمنٹ اس کمیشن کو Hold off کرے، اس پر Further کارروائی نہ کرے اور پھر یہ Minister Concerned یا چیف منسٹر صاحب کیساتھ بیٹھ کر اس کا کوئی حل نکالیں گے لیکن اگر ایک کمیشن نے رپورٹ دے دی ہے، اب اگر دوسرا کمیشن جاتا ہے، پھر وہ رپورٹ آتی ہے اور اس رپورٹ پر ایکشن ہو جاتا ہے تو پھر تو سب کچھ ختم ہو جائے گا، پھر تو ان کا جو Concern ہے وہ بھی نہیں رہے گا، تو میں منسٹر صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ کم از کم فی الحال اس کمیشن کو جانے سے روکیں، ہم سب چیف منسٹر صاحب اور منسٹر صاحب کیساتھ بیٹھ جائیں گے اور اس مسئلے کا کوئی حل نکال لیں گے۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر، بات یہ ہے۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب محمود عالم صاحب۔

جناب محمود عالم: یہ کمپلیکس آفتاب احمد خان شیرپاؤ صاحب کے دور میں منظور ہوا تھا اور پندرہ سال ہو گئے ہیں کہ اس تحصیل کمپلیکس کی جو تعمیر ہے، یہ اسی طرح لٹکتی رہی ہے تو اس کے بعد پچھلے دور میں مولانا عصمت اللہ صاحب منسٹر تھے، اس نے یہ جگہ منتخب کی تھی اور سابقہ ڈسٹرکٹ ناظم، سابقہ گورنمنٹ اور سابقہ ریونیو منسٹر نے خود ہی یہ جگہ سلیکٹ کی تھی، ریونیو منسٹر بھی وہی تھے۔ آج جب میں اس کے مقابلے میں جیت گیا ہوں تو اس نے میرے لئے ایک مسئلہ کھڑا کیا ہوا ہے تو میں یہ نہیں چاہتا ہوں، میں کہتا ہوں کہ اس کی تعمیر اب کینسل ہونے اور نئے کمیشن سے ایک اور مسئلہ کھڑا ہو جائے گا، مسئلہ سیاسی بن جائے گا، وہاں پہ دو بڑی قومیں ہیں، دو بڑی قوموں کے درمیان جھگڑا ہو گا تو تحصیل کمپلیکس کیلئے جو جگہ سلیکٹ کی گئی ہے، اس کا نوٹیفکیشن بھی ہو گیا ہے۔ اب اگر آپ کوئی نیا کمیشن بناتے ہیں تو اس سے میرا بھی استحقاق

مجروح ہوتا ہے اور میں بھی Concerned MPA ہوں، میں یہ چاہ رہا ہوں کہ اس کمیشن کو بالکل ختم کیا جائے، میں اس کمیشن کو نہیں مانتا ہوں کیونکہ اس سے پہلے جگہ Already منتخب ہو چکی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ میری تحصیل کے لوگ دوسری تحصیل میں جاتے ہیں کیونکہ دفتر دوسری تحصیل میں ہے تو جلد از جلد اس پہ کام شروع کیا جائے۔ سپیکر صاحب، جو سابقہ نوٹیفکیشن ہو گیا ہے، ڈی سی او، ڈی آر او، ٹی ایم اے اور سابقہ کمشنر ہزارہ ڈویژن جاوید صاحب نے بھی اس نوٹیفکیشن سے اتفاق کیا ہے اور اب بار بار کمیشن بنا کر اس سے مسئلہ اور پیچیدہ ہو جاتا ہے۔ کل اس نئے کمیشن نے جانا ہے، میں کہتا ہوں کہ آج ہی اس کمیشن کو ختم کیا جائے اور اگر وہاں مسائل ہیں، قوموں کا کوئی ٹکراؤ ہے تو اس کی ذمہ داری میں لیتا ہوں اور وہاں مختلف قسم کے سیاسی ہتھکنڈے، میرے مقابلے میں سابقہ جو امیدوار تھے، وہ مختلف قسم کی مشکلات وہاں پیدا کریں گے اور کہیں گے کہ لوگ نہیں مانتے ہیں، میں کہوں گا کہ میں پانچ چھ ہزار لوگوں کو لے آؤں گا، میں کہوں گا، یہ نہیں مانتا ہے، وہ کہے گا کہ یہ نہیں مانتا ہے۔ کام اس نے خود کیا ہے، ڈسٹرکٹ ناظم اور سابقہ منسٹر نے خود جگہ سلیکٹ کی ہے تو میں کہتا ہوں کہ اس کمیشن کو آپ آج ہی ختم کریں کیونکہ اس کمیشن نے آج ہی جانا ہے، آج جائے گا اور میرے لئے وہاں پہ مسئلہ کھڑا ہو گا تو پھر میں وہاں جا کر اپوزیشن کیساتھ بیٹھ جاؤں گا تو اسلئے میں کہتا ہوں کہ اس کمیشن کو آج ہی ختم کیا جائے بس۔

(تالیاں)

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: جناب مفتی کفایت اللہ صاحب۔

